
# ٹرائل ڈویژن میں خود نمائندگی کرنے والے مدعیوں کے حقوق

1 اگر آپ خود اپنی نمائندگی کر رہے ہیں، تو آپ کو بھی انہی اصولوں اور طریقہ کار کی پابندی کرنی چاہیے جن کی پیروی کرنا لائسنس یافتہ وکیلوں یا تجربہ کار نمائندوں کو ضروری ہے۔ آپ OATH کے اصولوں کو آن لائن https://www1.nyc.gov/site/oath/trials/rules-of-practice.page پر پڑھ کر ان سے واقف ہو سکتے ہیں۔

2 آپ کو بھی وہی حقوق حاصل ہیں جو ان لوگوں کو حاصل ہوتے ہیں جو وکیلوں کی خدمت لیتے ہیں۔ ہر فریق کو مقدمے کے آغاز میں ابتدائی بیان دینے کا حق حاصل ہے۔ آپ ٹرائل کے اختتام پر ریکارڈ بند ہونے سے پہلے اپنا اختتامی بیان بھی دے سکتے ہیں۔ اگر ٹرائل جج کی اجازت ملے، تو آپ ٹرائل ختم ہونے کے بعد تحریری خلاصہ جمع کروا سکیں گے۔ اگر اجازت ہو، تو جج آپ کو یہ بیان جمع کرانے کی آخری میعاد دیں گے۔




3 آپ گواہوں کو بلانے کا حق رکھتے ہیں۔ اگر کوئی گواہ عدالتی کارروائی میں حاضر ہونے کے لیے تیار نہ ہو، تو آپ انتظامی قانون کے جج سے ایک " subpoena ad testificandum" یا گواہی دینے کی عرضی پر دستخط کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں، جس میں آپ کے مقدمے کی سماعت میں گواہی دینے والے اس شخص کو حاضرکرنے کا مطالبہ ہوگا۔ طلبی کی عرضی کے فارم OATH کی ویب سائٹ میں، https://www1.nyc.gov/site/oath/trials/trial-related-forms صفحہ پر موجود ہیں ("گواہی دینے کی طلبی" کے صفحہ پر جائیں)۔ جج کے ذریعہ عرضی پر دستخط کیے جانے کے بعد، آپ اس شخص کو عرضی پیش کرنے کے ذمہ دار ہوں گے جس کو یہ عرضی ملنی چاہیے۔

4 آپ کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ آپ انتظامی قانون کے جج سے فریق مخالف یا فریق ثالث کو پیش کرنے کے لیے ایک 'subpoena duces tecum' یا دستاویزات طلب کرنے کی عرضی پر دستخط کرنے کی درخواست کریں۔ انتظامی قانون کے جج کے ذریعہ دستخط ہونے کے بعد، اس میں فریق مخالف سے مقدمے کی سماعت کے وقت یا اس سے پہلے دستاویزات یا دیگر چیزیں پیش کرنے کا تقاضہ ہوگا۔ دوستاویز طلبی کی عرضی پر جج کے ذریعہ دستخط کیے جانے کے بعد، آپ اسے اس شخص کو پیش کرنے کے ذمہ دار ہوں گے جس سے آپ مواد کی درخواست کر رہے ہیں۔ یہ فارم بھی OATH کی ویب سائٹ میں، اس صفحہ https://www1.nyc.gov/site/oath/trials/trial-related-forms.page پر دستیاب ہے ('دستاویزات فراہم کرنے کی عرضی' پر جائیں)۔

5 مقدمے کی سماعت کے دوران، آپ اپنے گواہوں کا براہ راست جانچ کر سکتے ہیں، مگر اس میں آپ صرف وہی سوالات پوچھ سکتے ہیں جو مقدمے کے دعووں اور دفاعی جوابات سے متعلق ہوں۔ ہر فریق کو کسی بھی گواہ سے سوال پوچھنے اور جرح کرنے کا موقع ملے گا۔ آپ کو ان سوالات پر اعتراض کرنے کا حق بھی حاصل ہے جو دوسرے فریق کی طرف سے کسی گواہ سے پوچھے جاتے ہیں۔ آپ دوسرے فریق کے ذریعہ کسی خاص دستاویز یا دیگر مواد کے استعمال پر اعتراض بھی درج کرسکتے ہیں۔ اگر کوئی اعتراض کیا جاتا ہے تو جج یہ فیصلہ کرے گا کہ کون صحیح ہے اور ریکارڈ میں کس کی بات کو درج کیا جانا ہے۔

6 آپ اپنی جانب سے گواہی دینے کا فیصلہ بھی کر سکتے ہیں۔ ایسی صورت میں آپ کے ساتھ کسی بھی دوسرے گواہ کی مانند سلوک کیا جائے گا سوائے اس بات کے کہ آپ کو بیانیہ کے فارم میں بات کرنے کی اجازت ہوگی۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ مقدمہ میں اپنا موقف بتا سکتے ہیں۔ دوسرے فریق کے وکلاء کو آپ سے سوالات پوچھنے کا موقع ملے گا، ساتھ ہی ٹرائل کے جج بھی سوال پوچھیں گے۔ آپ اپنی گواہی میں مدد لینے کے لیے کوئی نوٹ یا خاکہ لا سکتے ہیں۔

7 اگر آپ کی گواہی سے یہ ظاہر ہو کہ آپ کسی جرم کے مرتکب ہیں، تو آئین کی پانچویں ترمیم کے تحت آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ آپ گواہی نہ دیں۔ لیکن اگر آپ OATH میں گواہی نہ دینے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو OATH کے جج کو یہ باور ہوسکتا ہے کہ آپ کی خاموشی کا مطلب ہے کہ آپ کی گواہی آپ کے حق میں نہیں ہوگی۔

8 آپ کو جج سے یہ دریافت کرنے کا بھی حق حاصل ہے کہ کیا آپ ریکارڈ میں دستاویزات یا دیگر دستاویزی ثبوت پیش کر سکتے ہیں۔ اگر آپ دستاویزات پیش چاہتے ہیں، تو آپ کو دوسرے فریقوں کے لیے کسی بھی پیش کردہ دستاویز کی کاپیاں لانی ہوں گی۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ایک کاپی ثبوت کی شکل میں پیش کرنے، اور ایک کاپی گواہ کے لیے لائیں۔ آپ کو اپنے لیے بھی ایک کاپی لانی چاہیے۔ اگر آپ ویڈیو کانفرنس کے ذریعے پیش ہو رہے ہیں، تو براہ کرم شواہد (جیسے آپ کے دستاویز یا ثبوت کی تصویر) کو الیکٹرانک فارمیٹ میں تیار رکھنا یقینی بنائیں تاکہ آپ اسے جج اور دیگر فریقین کو بذریعہ ای میل بھیج سکیں۔

9 اگر کسی بھی مرحلے میں آپ اپنا ارادہ بدلیں اور کسی وکیل سے اپنی نمائندگی کرانا چاہیں، تو براہ کرم ایڈمنسٹریٹو لاء جج کو مطلع کریں۔

10 آپ کے مقدمہ سمیت تمام مقدموں میںOATH کے فیصلوں کی معلومات OATH کی ویب سائٹ https://www.nyc.gov/site/oath/trials/search-decisions.page پر موجود ڈیٹا بیس میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔ آپ چند کلیدی الفاظ کا استعمال کرکے تلاش کرسکتے ہیں۔

Feb2026-UR-ada